10-01-2026

# نظام المدارس پاکستان
## سالانہ امتحان 2026ء

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مضمون: | علم الصرف | کل وقت: | 30منٹ |
| کلاس: | الشهادة الثانوية الخاصة (السنة الاولیٰ) | کل نمبر: | 20 |

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | | رول نمبر (لفظوں میں): ____________

نام طالبعلم: ____________

## حصہ معروضی

**سوال نمبر1: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں۔ درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ کاٹ کر لکھا ہوا غلط تصور ہو گا۔**

**1۔ علم صرف کو کہا جاتا ہے:**

(الف) علوم کا باپ (ب) علوم کی ماں (ج) علوم کی مدد گار (د) علوم کی انتہاء

**2۔ النحو الواضح کے مصنف ہیں:**

(الف) علی الجارم (ب) مصطفیٰ امین (ج) دونوں (د) محمود طحان

**3۔ اگر ثلاثی مجرد کی ماضی مکسور ہو تو اس کا مضارع ہو گا:**

(الف) مفتوح العین (ب) مضموم العین (ج) مکسور العین (د) ساکن العین

**4۔ رباعی مجرد کے ابواب ہیں:**

(الف) 1 (ب) 3 (ج) 5 (د) 9

**5۔ ثلاثی مزید فیہ باہمزہ وصل کے ابواب ہیں:**

(الف) 3 (ب) 5 (ج) 7 (د) 9

**6۔ رباعی مزید فیہ باہمزہ وصل کے ابواب ہیں:**

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

**7۔ اگر ماضی مفتوح العین اجوف یائی یا ناقص یائی ہو تو وہ اس باب سے ہوئی:**

(الف) ضرب یضرب (ب) نصر ینصر (ج) فتح یفتح (د) سمع یسمع

**8۔ واؤ ساکنہ کسرہ کے بعد ہو تو وہ بدل جاتی ہے:**

(الف) الف سے (ب) واؤ سے (ج) یاء سے (د) ہمزہ سے

**9۔ "قیل" اصل میں تھا:**

(الف) قال (ب) قَوَل (ج) قِوَل (د) قُوِلَ

**10۔ "اصاب" سے اسم مفعول کا صیغہ آتا ہے:**

(الف) صائب (ب) مصاب (ج) مصیب (د) مصاب

ورق الٹیے

**11۔ اگر لام کلمہ کے مقابلہ میں حرف علت ہو تو اس کو کہتے ہیں:**

(الف) مثال (ب) اجوف (ج) ناقص (د) مہموز

**12۔ "رمی" ہفت اقسام میں ہے:**

(الف) ناقص یائی (ب) ناقص واوی (ج) اجوف یائی (د) اجوف واوی

13۔ امر میں لام امر نہیں آتا:

(الف) حاضر معروف (ب) حاضر مجہول (ج) غائب معروف (د) متکلم مجہول

**14۔ اسم کی اقسام ہیں:**

(الف) جامد (ب) مشتق (ج) مصدر (د) تینوں

**15۔ اگر فعل "أَفْعَلَ" کے وزن پر ہو تو مصدر آئے گا:**

(الف) افعال (ب) تفعیل (ج) انفعال (د) افعلال

**16۔ تعداد حروف اصل کے اعتبار سے فعل کی اقسام ہیں:**

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

**17۔ "مکاسرۃ" مصدر سے ماضی ہے:**

(الف) کاسر (ب) کسر (ج) اکسر (د) تکاسر

**18۔ "منتصر" کا ماضی ہے:**

(الف) انتصر (ب) منتصر (ج) انصار (د) تنصیر

**19۔ "لا تقبل" صیغہ ہے:**

(الف) ماضی کا (ب) مضارع کا (ج) امر کا (د) نہی کا

**20۔ ثلاثی مجرد کی ماضی مضموم العین سے مضارع اتنے وزن پر آتا ہے:**

(الف) 1 (ب) 2 (ج) 3 (د) 4

10-01-2026

# نظام المدارس پاکستان
## سالانہ امتحان 2026ء

| | | | |
|---|---|---|---|
| مضمون: | علم الصرف | کل وقت: | 2:30 گھنٹے |
| کلاس: | الشهادة الثانوية الخاصة (السنة الاولیٰ) | کل نمبر: | 80 |

رول نمبر (ہندسوں میں): ☐☐☐☐☐☐ رول نمبر (لفظوں میں): ..............................

## حصہ انشائیہ

**سوال نمبر2: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔** 2x10=20

1۔ سہ اقسام سے کیا مراد ہے؟
2۔ ثلاثی مزید فیہ کی تعریف لکھیں۔
3۔ اگر مضارع مفتوح العین ہو تو ماضی کے کتنے اوزان ہیں؟ تحریر کریں۔
4۔ ثلاثی مزید فیہ کے وہ ابواب لکھیں جو تین حروف کی زیادتی سے بنتے ہیں؟
5۔ ماضی قریب بنانے کا طریقہ لکھیں۔
6۔ ثلاثی مجرد کے ابواب کے صرف نام لکھیں۔
7۔ تخفیف کا لغوی اور اصطلاحی معنیٰ لکھیں۔
8۔ مضارع مجہول بنانے کا طریقہ لکھیں۔
9۔ ماضی مجہول بنانے کا طریقہ لکھیں۔
10۔ اعلال سے کیا مراد ہے؟ مثال کے ذریعے وضاحت کریں۔
11۔ ماضی استمراری کی تعریف مع مثال لکھیں۔
12۔ اجوف کی تعریف لکھنے کے بعد اس کا کوئی ایک قاعدہ تحریر کریں۔

**سوال نمبر3: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔** 2x10=20

1۔ مضارع کی وجہ تسمیہ لکھیں۔
2۔ فعل تعجب کی تعریف تحریر کریں۔
3۔ ایک حرف کی زیادتی سے کون کونسے ابواب بنتے ہیں؟ صرف نام لکھیں۔
4۔ اسم فاعل بنانے کا طریقہ لکھیں۔
5۔ مشتق کی تعریف مع مثال لکھیں۔
6۔ النحو الواضح کے مصنفین کے صرف نام لکھیں۔
7۔ ثلاثی مزید فیہ کی تعریف لکھیں۔
8۔ مشتق کی اقسام کے صرف نام لکھیں۔
9۔ امر حاضر معروف بنانے کا طریقہ لکھیں۔
10۔ مبالغہ کے کوئی سے تین اوزان تحریر کریں۔
11۔ غیر ملحق باہمزہ وصل بنانے کا طریقہ مع مثال تحریر کریں۔
12۔ غیر ثلاثی مجرد سے اسم مفعول بنانے کا طریقہ مع مثال تحریر کریں۔

## تفصیلی سوالات

**سوال نمبر4: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے تفصیلی جوابات تحریر کریں۔** 10x2=20

i. ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق باہمزہ وصل کے ابواب کتنے اور کون کونسے ہیں؟ تمام ابواب کے نام تحریر کریں۔ نیز کسی ایک سے صرف صغیر تحریر کریں۔
ii. اجوف کے کوئی سے تین قوانین تفصیلاً لکھیں۔
iii. ادغام کا لغوی اور اصطلاحی معنیٰ لکھیں۔ نیز ادغام کے کوئی سے دو قوانین مع امثلہ تفصیلاً لکھیں۔

**سوال نمبر5: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے تفصیلی جوابات تحریر کریں۔** 10x2=20

i. "باب نصر ینصر" سے صرف صغیر لکھیں۔
ii. رباعی مجرد کے کل کتنے اور کون کونسے ابواب ہیں؟ کسی ایک سے صرف صغیر تحریر کریں۔
iii. امر حاضر معروف بنانے کا طریقہ لکھیں۔ نیز "القتل" مصدر سے امر حاضر معروف کی گردان لکھیں۔